# خیبر پختون خواہ معیاری ناپ اور تول
# نفاذ ایکٹ 1976

پشاور 1 اپریل 1976
خیبر پختون خواہ ایکٹ نمبر 3 آف 1976

مندرجات

باب نمبر 1

ابتدائی

دفعات:


1۔ مختصر عنوان اور آغاز
2۔ وضاحتیں
باب نمبر 2
3۔ ورکنگ سٹنڈرڈ
4۔ ثانوی سٹنڈرڈ
5۔ حوالہ سٹنڈرڈ
6۔ معیاری ناپ تول کے اوزار
7۔ معیاری ناپ تول کے علاوہ دوسرے ناپ تول کی ممانعت
8۔ بعض صورتوں میں صرف تول یا صرف ناپ کے استعمال کی ہدایات کے اختیارات
باب نمبر 3
ناپ تول کی تصدیق اور مہر
9۔ کمرشل ناپ تول کی اسم کی نشان زنی
10۔ سٹمپ کے بغیر کمرشل ناپ تول کی فروخت کی ممانعت
11۔ بغیر سٹمپ کے کمرشل ناپ تول کی استعمال کی ممانعت
12۔ حکومت کے چھوٹ دینے کا اختیار

13۔ سر بمہر کنٹینر میں بند ناپ تول کی نشان زنی
14۔ ناپ تول میں قابل برداشت غلطیوں کے حدود
15۔ بغیر لائسنس کے ناپ تول وغیرہ کی تیاری
16۔ ضمانت
17۔ تیاری وغیرہ، ریکارڈ اور دستاویزات کا برقرار رکھنا
18۔ فیس لاگو کرنا۔
19۔ کنٹرولر، ایڈیشنل کنٹرولت، ڈپٹی کنٹرولر، اسسٹنٹ کنٹرولر، انسپکٹر اور اسسٹنٹ انسپکٹر کی تقرری۔
20۔ انسپکٹر کے اختیارات
21۔ انسپکٹر کی طرف سے تصدیق اور مہر لگانا۔
22۔ انسپکٹر کے ناپ تول کے ایڈجسٹ کرنے کے اختیارات
23۔ باقاعدہ مہر شدہ ناپ تول کی صحت
24۔ اپیلز
25۔ نظر ثانی

باب نمبر 4

سزائیں

26۔ معیاری ناپ تول اور دوسرے ناپ تول کی فروخت اور حوالگی کی سزا
27۔ بغیر مہر کے کمرشل ناپ تول کی فروخت کی سزا
28۔ بغیر مہر کے کمرشل ناپ تول کی استعمال کی سزا
29۔ دفعہ 8 کے خلاف ناپ تول کی استعمال کی سزا۔
30۔ بغیر لائسنس کے ناپ تول بنانے اور مرمت میں ناکامی کی سزا
31۔ بند کنٹینر میں ناپ تول پر نشان زنی میں ناکامی کی سزا۔
32۔ ناپ تول کو دھوکہ دہی کیلئے استعمال کرنے کی سزا۔
33۔ باطل ناپ تول کو قبضہ میں رکھنے کی سزا
34۔ کم ناپ تول دینے کی سزا

35۔ ناپ تول کی جعلی وغیرہ کی سزا
36۔ ملاحظہ کیلئے ناپ تول پیش نہ کرنے کی انکار یا غفلت کی سزا
37۔ باطل ناپ تول بنانے یا فروخت کرنے کی سزا۔
38۔ ادائیگی فرض نہ کرنے کی سزا
39۔ کمپنیز یا کارپوریشن کے جرائم
40۔ قرق
41۔ تول وغیرہ پر ایسے مہر لگانا کہ صحیح تصور کیا جائے
42۔ اختیارات کی منتقلی
43۔ زیر دفعہ 22 دفعہ (2) آف ایکٹ نمبر v اف 1967 کے تحت ناپ تول کے استعمال کیلئے خاص پرویژن۔
44۔ نیک نیتی سے کام کرنے کا تحفظ۔
45۔ قابل سماعت جرائم۔
45A ایکٹ کا دوسرے قوانین کا مستر د کرنا۔
46۔ رولز بنانے کا اختیار۔
47۔ منسوخی۔

## خیبر پختون خواہ معیاری ناپ تول نفاذ ایکٹ 1976

پشاور 1اپریل 1976

خیبر پختون خواہ ایکٹ نمبر III آف 1976

پہلی دفعہ گورنر خیبر پختون خواہ کی منظوری کے بعد خیبر پختون خواہ گزٹ (غیر معمولی) میں 1اپریل 1976 کو شائع ہوا۔

### ایک ایکٹ

جو مہیا کرتا ہے معیاری ناپ تول اور اس کے ساتھ مربوط مسائیل۔

جبکہ یہ موزوں ہے کہ معیاری ناپ تول اور مربوط مسائل کے نفاذ کیلئے مہیا کیا جائے۔

باب نمبر 1

ابتدائی

مختصر عنوان اور آغاز

1۔1۔ اس ایکٹ کو خیبر پختون خواہ معیاری ناپ تول ایکٹ کہا جا سکتا ہے۔

2۔ یہ ایکٹ اس دن سے قابل نفاذ ہوگا جو حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے مقرر کرے۔ اس ایکٹ کے مختلف پرویژن کے نفاذ کیلئے مختلف تاریخیں بھی مقرر ہو سکتی ہیں۔ مختلف علاقوں کیلئے یا مختلف قسم کے عہدناموں یا سامان کیلئے۔

3۔ حکومت نوٹیفکیشن کے ذریعے کسی شخص یا کسی درجہ کے لوگوں علاقوں عہد ناموں سامان یا کسی درجہ کے عہد ناموں یا سامان اس ایکٹ کے تمام شرائط یا کسی بھی شرط سے، اتنے عرصے یا ایسے شرائط سے مستثنیٰ قرار دے سکتی ہیں جو کہ اس ایکٹ میں متعین ہو۔

وضاحتیں

2۔ اس ایکٹ میں جب تک سیاق وسباق دوسرے طریقے سے متعین نہ کریں:۔

ا۔ کمرشل ناپ تول کا مطلب ہے ناپ تول جو کہ تجارت یا کامرس کے معملات میں استعمال ہوتے ہیں۔

ب۔ کنٹرولر کا مطلب ہے۔ ناپ تول کا کنٹرولر جس میں ایڈیشنل کنٹرول، ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کنٹرولر جو کہ دفعہ 19 کے تحت تعینات ہو بھی شامل ہیں۔

(پ)۔ ڈائریکٹر کا مطلب ہے، ڈائریکٹر لیبر یا ایسا کوئی آفیسر جس کو حکومت ڈائریکٹر تعینات کریں۔

(ت)۔ حکومت کا مطلب ہے حکومت خیبر پختون خواہ۔

(ٹ)۔ انسپکٹر کا مطلب ہے۔ ناپ تول کا انسپکٹر جس میں دفعہ 19 کے تحت تعینات اسسٹنٹ انسپکٹر بھی شامل ہے۔

(ث)۔ ناپ کے الات میں ایسے آلات جو کہ رقبہ وسعت، توانائی، لمبائی یا حجم

کے ماپنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں بھی شامل ہیں۔

(ج)۔ ہدایات کا مطلب ہے جس کی ہدایات اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے رولز میں دی گئی ہو۔

(چ)۔ حوالہ سٹنڈر کا مطلب ہے ۔حوالہ کا سٹنڈرڈ جو کہ ناپ تول (انٹرنشنل سسٹم) ایکٹ 1967 میں متعین کیا گیا ہے۔

(ح)۔ ثانوی معیار کا مطلب ہے ناپ تول کا مجموعہ جو کہ دفعہ 4 کے تحت بنایا گیا ہے۔

(خ) مہر لگانے کا مطلب ہے نشان لگانا جو جہاں تک ممکن ہو پائیدار ہو اور اس میں سانچا، کندہ کاری، ٹھپا کاری اور داغنا بھی شامل ہیں۔

(د)۔ سٹنڈرڈ ناپ تول کا مطلب ہے کوئی بھی ماس یا ناپ کی اکائی ناپ تول (انٹرنشنل سسٹم) ایکٹ 1967 کے دفعہ 8 کے تحت۔

(ڈ)۔کاروبار میں کوئی بھی لین دین یا معاہدہ جو کہ لین دین نہ ہو یا زمین کے بارے میں کوئی معاہدہ بھی شامل ہیں۔

(ذ)۔ تصدیق یا دوبارہ قواعدی تغیر کے ساتھ کا مطلب ہے اور اس میں شامل ہیں۔ناپ تول یا ناپ تول کے الات اور ان میں موازنہ، جانچنا، یا ٹسٹ کی کارگزاری۔

(ر)۔ تول کے آلات کا مطلب ہے۔وزن کرنے کا کوئی بھی آلہ اور اس میں ترازو بمعہ تول، بیم، ترازو، بلینس، سپرنگ بیلنس اور دوسرے مشین شامل ہے اور۔۔

(ڑ)۔ ووکنگ سٹنڈر کا مطلب ہے۔ دفعہ 3 کے تحت بنائے گئے ناپ تول کا مجموعہ۔

ورکنگ سٹنڈرڈ

3۔ (ا)۔ ناپ تول یا ناپ تول کے آلات جو کہ کامرس یا تجارت کے معملات میں استعمال ہوتے ہے کے صحت کی تصدیق کیلئے حکومت معیاری باٹ، جس میں خاص باٹ بھی شامل بنا سکتی ہے ایسے باٹ کے مجموعہ کو ورکنگ

سٹنڈرڈ کہا جائیگا۔

2۔ ورکنگ سٹنڈرڈ ایسے دھات، نمونے اور تصرع اور ایسے طریقے سے مہر ثبت، تصدیق اور ایسے شخص، ادارے یا اتھارٹی کا بنایا گیا ہوگا۔ جس کی ہدایت کی گئی ہو۔

3۔ ورکنگ سٹنڈرڈ کو ایسی جگہ، ایسے تحویل اور ایسے طریقے سے رکھا جائیگا جس کی ہدایت کی گئی ہو۔

4۔ ورکنگ سٹنڈرڈ کی تصدیق ثانوی سٹنڈرڈ کے ساتھ ہوگی اور یہ تصدیق ایسے شخص کی طرف سے ہوگی، ایسے طریقہ، ایسی جگہ اور اتنے وقفہ سے ہوگی جس کی ہدایت کی گئی ہو۔

5۔ ورکنگ سٹنڈرڈ جو کہ ذیلی دفعہ 4 کے تحت تصدیق شدہ یا نشان زدہ نہ ہو، کو اس ایکٹ کے مقصد کیلئے استعمال نہیں کیا جائیگا۔

6۔ ورکنگ سٹنڈرڈ جو کہ نقص دار ہوگیا ہو اس کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہوگی اور جب تک زیر ذیلی دفعہ 4 کے تحت تصدیق یق نشان ذدہ نہ ہو اس ایکٹ کے مقصد کیلئے استعمال نہیں کیا جائیگا۔

4۔ 1۔ حکومت وررکنگ سٹنڈرڈ کی صحت کے تصدیق کیلئے اتنے ثانوی سٹنڈرڈ کا مجموعہ بنا سکتی ہے جتنی کہ ضرورت ہو۔ ثانوی سٹنڈرڈ

2۔ ثانوی سٹنڈرڈ ایسے دھات اور ایسے نمونے اور تصریح کا ہوگا جس کی ہدایت کی گئی ہو اور ایسے شخص یا اتھارٹی کا مہر ثبت شدہ اور تصدیق شدہ ہوگا۔ جس کی ہدایت حکومت کریں۔

3۔ ثانوی سٹنڈرڈ کو ایسی جگہ اور ایسے تحویل میں ایسے طریقے سے رکھا جائیگا جس کی ہدایت کی گئی ہو۔

4۔ ثانوی سٹنڈرڈ کی حوالہ سٹنڈرڈ کیساتھ ہر پانچ سال میں تصدیق ہوگی اور یہ تصدیق ایسے شخص یا تھارٹی ایسی جگہ ایسے طریقے سے نشان ذدہ ہوگی جس کی ہدایت کی گئی ہو۔

5۔ ثانوی سٹنڈرڈ جو کہ ذیلی دفعہ 4 کے تحت نشان زدہ یا تصدیق شدہ نہ ہو کو اس ایکٹ کے مقصد کیئے استعمال نہیں کیا جائیگا۔

**حوالہ سٹنڈرڈ**

5۔ حوالہ سٹنڈرڈ کو ایسی جگہ ایسی تحویل میں رکھا جائیگا اور ایسے طریقہ سے رکھا جائیگا۔ جس کی ہدایت کی گئی ہو۔

**سٹنڈرڈ ناپ تول کے آلات**

6۔ 1۔ کمرشل ناپ تول اور کامرس وتجارت کے معملات میں استعمال ہونے والے آلات کے صحت کی تصدیق کیلئے حکومت اتنے ناپ تول کے مجموعے بقدر ضرورت بنا سکتی ہے اور ایسے مجموعے کو ورکنگ آلات کہا جائیگا۔

2۔ ورکنگ آلات ایسے قسم اور ایسے طریقے سے تصدیق شدہ اور مہر ثبت شدہ ہونگے جس کی ہدایت کی گئی ہو۔

3۔ ورکنگ آلات کو ایسی جگہ رکھا جائیگا جہاں ثانوی سٹنڈرڈ اور ورکنگ سٹنڈرڈر کھے جاتے ہیں۔

**معیاری ناپ تول کے علاوہ دوسرے ناپ تول کی مخالفت**

7۔ 1۔ باوجود اسکے کہ کوئی چیز اس ایکٹ میں شامل ہو حکومت بذریعہ نوٹیفکیشن ہدایت کرسکتی ہے کہ کسی بھی مخصوص کاروبار یا کاروبار کی قسم میں کوئی معاملہ، معاہدہ ،بغیر ناپ تول کے نہیں ہو سکے گا۔

2۔ کوئی بھی شخص نہ وصول کریگا نہ طلب کریگا اور نہ طلب یا وصولی کا عمل کریگا کم یا زیادہ سامان یا جنس کی مقدار کا جس کی مقدار ایسے سامان یا جنس کے بارے میں مقرر ہو جو کہ ورکنگ سٹنڈرڈ کے مطابق معین ہو۔

3۔ اس ایکٹ کے نفاذ سے تین ماہ کے اختتام تک کوئی بھی معملہ، ڈیل یا معاہدہ جو ہوا ہو یا ہو چکا ہو اگر وہ ذیلی دفعہ 2 یا 3 کے خلاف ہو وہ غلط ہوگا۔

**بعض صورتوں میں ناپ تول کے استعمال کی ہدایت کے اختیارات**

8۔ 1۔ باوجود اسکے کہ اگر اس ایکٹ میں موجود ہو حکومت نوٹیکفیشن کے ذریعے ہدایت کرسکتی ہے کہ کسی بھی کاروبار یا کاروبار کی قسم میں معاملات ڈیل یا معاہدہ ناپ تول کے بغیر نہیں ہوسکتا ہے۔

2۔ اس دفعہ کے تحت نوٹیفکیشن اس وقت سے ایسے علاقہ کیلئے اور ایسے شرائط کیساتھ اگر کوئی ہو قابل عمل ہو گا جو نوٹیفیکیشن میں مخصوص ہو۔

## باب 3 ناپ تول کی تصدیق اور مہر

9۔ ہر ناپ تول جو کہ کمرشل ناپ تول کیلئے استعمال ہوتا ہے، پر اس ناپ تول کا تسمیہ جو کہ پڑھنے کے قابل ہو ہدایت شدہ طریقہ سے درج ہو گا۔ (کمرشل ناپ تول کی اسم کی نشان زنی)

10۔ کوئی بھی کمرشل ناپ تول یا ناپ تول کے آلات اس وقت تک فروخت یا دیئے جائینگے جب تک ہدایت شدہ طریقے سے ان کی تصدیق، دوبارہ تصدیق اور مہر ثبت نہ ہوئے ہو۔ (سٹمپ کے بغیر کمرشل ناپ تول کی فروخت کی ممانعت)

11۔ کوئی بھی ناپ تول یا ناپ تول کے آلات اس وقت تک تجارت اور کامرس کے معمالات میں استعمال نہیں ہونگے جب تک ہدایت شدہ طریقہ سے ان کی تصدیق، دوبارہ تصدیق اور مہر ثبت نہ ہوئے ہو۔ (بغیر سٹمپ کے کمرشل ناپ تول کی استعمال کی ممانعت)

12۔ اگر کمرشل ناپ تول اتنا کم ہو کہ اس پر تسمیہ کندہ کرنا یا مہر ثبت کرنا ناممکن ہو تو حکومت اس ایکٹ کے تحت ایسے ناپ تول کو کندہ کرنے یا مہر ثبت سے نوٹیفیکشن کے ذریعے مستثنیٰ قرار دے سکتی ہیں۔ (حکومت کے چھوٹ دینے کا اختیار)

13۔ کوئی بھی شخص نہ تو فروخت کر سکتا ہے نہ فروخت کیلئے پیش کر سکتا ہے، نہ فروخت کیلئے دکھلا سکتا ہے یا اپنے قبضہ میں رکھ سکتا ہے کوئی بھی جز جو کہ مہر بند پیکج یا کنٹینر میں ہو جب تک اس پیکیج یا کنٹینر پر ناپ تول کی تفصیل حفاظت/مضبوطی کیساتھ چپکی ہوئی نہ ہو جو کہ پیکج یا کنٹینر میں موجود ہو۔ (سربمہر کنٹنر میں بند ناپ تول کی نشان زنی)

بشرط کہ اس دفعہ کے شرائط ایسے جز پر لاگو نہیں ہونگے جو فروخت ہو چکا ہو یا فروخت کیلئے پیش کیا گیا ہو، دکھایا گیا ہو یا فروخت کیلئے قبضہ میں ہو جو حکومت کی نظر میں تجارت اور کامرس کے معملات میں ناپ تول سے فروخت نہیں کیا جاتا ہے۔

14۔ ناپ تول (انٹرنیشنل سسٹم) ایکٹ 1967 اور اسکے نیچے رولز کے تحت حکومت حدود متعین کرسکتی ہے جہاں تک غلطیاں ثانوی سٹنڈرڈ، ورکنگ سٹنڈرڈ، کمرشل ناپ تول یا ناپ تول کے آلات یا فروخت کے اجزاء جو کہ ناپ تول پر یا کاروبار کے قسم میں ہوسکتی ہے۔

ناپ تول میں قابل برداشت غلطیوں کے حدود

15۔ 1۔ کوئی بھی شخص، دوران تجارت، کمرشل ناپ تول یا ناپ تول کے آلات نہ بنا سکتا ہے نہ مرمت کرسکتا ہے نہ فروخت کرسکتا ہے جب تک اس نے ہدایت شدہ طریقہ سے لائسنس حاصل نہ کیا ہو۔

بغیر لائسنس کے ناپ تول کی تیاری

2۔ کنٹرولر یا ایسا شخص جس کو کنٹرولر نے اختیار دیا ہو، ہدایت شدہ طریقہ سے قابل اختیار ہے کہ ذیلی دفعہ 1 کے تحت لائسنس جاری کرسکے۔

16۔ 1۔ جس شخص کو لائسنس جاری کیا گیا ہو۔ اگر حکومت یا اس سلسلے میں متعین کردہ اتھارٹی چاہے، ہدایت شدہ طریقے سے ضمانت جمع کریگا۔

ضمانت

2۔ کنٹرولر یا اس کا متعین کردہ شخص اس ایکٹ کے پرویژن پر عمل نہ کرنے یا انسپکٹر کے ہدایات پر عمل نہ کرنے کی صورت میں ہدایت شدہ طریقہ سے ضمانت ضبط کرسکتا ہے۔

17۔ جو شخص ناپ تول یا ناپ تول کے آلات بناتا ہے یا معملات کرتا ہے یا ناپ تول کے تجارت اور کامرس میں استعمال کرتا ہے۔ وہ اسکا حساب کتاب رکھے۔ اگر انسپکٹر کو درکار ہو۔ تو وہ شخص حساب کتاب ایسے طریقہ سے پیش کریگا جو کہ ہدایت شدہ ہو۔

فیس لاگو کرنا

18۔ ہدایت شدہ طریقہ سے فیس لاگو کیا جائیگا۔

ا۔ دفعہ 15 کے تحت لائسنس کے اجراء کیلئے۔

(ب)۔ تصدیق یا دوبارہ تصدیق پر نشان لگانے پر، مہر ثبت کرنے پر یا کمرشل ناپ تول یا ناپ تول کے تطبیق پر۔

کنٹرولر،ایڈیشنل کنٹرولر، ڈپٹی کنٹرولر، اسسٹنٹ کنٹرولر، انسپکٹر، اسسٹنٹ انسپکٹر کی تقرری

19۔ 1۔ حکومت کنٹرولراور بقدراتنے ایڈیشنل کنٹرولر، ڈپٹی کنٹرولر، اسسٹنٹ کنٹرولر، انسپکٹر، اسسٹنٹ انسپکٹر کی ہدایت شدہ طریقہ سے، معیار اہلیت کے مطابق تقرری کرسکتی ہے۔

2۔ کنٹرولر، ایڈیشنل کنٹرولر، انسپکٹر اور اسسٹنٹ انسپکٹر اس ایکٹ کے تحت یا اس ایکٹ کے ذریعے عائد کردہ اختیارات اور فرائض استعمال کرینگے۔ کنٹرولر، ایڈیشنل کنٹرولر، ڈپٹی کنٹرولر، اسسٹنٹ کنٹرولر اپنے اختیارات اور فرائض کے علاوہ انسپکٹرز پر عائد کردہ اختیارات اور فرائض استعمال کر سکتے ہیں۔

3۔ اس ایکٹ کے پرویژن کے تحت تمام ایڈیشنل کنٹرولر، ڈپٹی کنٹرولر، اسسٹنٹ کنٹرولر، انسپکٹرز اور اسٹنٹ انسپکٹرز کنٹرولر کے زیرنگرانی اپنے کام سرانجام دینگے۔

4۔ کنٹرولر، ایڈیشنل کنٹرولر، ڈپٹی کنٹرولر، اسسٹنٹ کنٹرولر، انسپکٹر ز، اسسٹنٹ انسپکٹرز جن کی تقرری اس ایکٹ کے تحت ہوئی ہیں، کو دفعہ 21 پاکستان پینل کوڈ (XLV 1860) کے تحت پبلک سرونٹ سمجھا جائیگا۔

انسپکٹر کے اختیارات

20۔ 1۔ کنٹرولر یا اس کا نامزد کردہ آفیسر خاص یا عام آرڈر کے ذریعے مقامی حدود کی وضاحت کرسکتا ہے جہاں پر اس ایکٹ کے تحت عائد کردہ اختیارات اور فرائض منصبی انجام دے سکتا ہے۔

2۔ ہر انسپکٹر اپنی تقرر کے فوراً بعد حکومت کو مقرر کردہ رقم کی ضمانت دیگا۔

ا۔ کہ اپنی فرائض منصبی سرانجام دیگا۔

ب۔ وصول شدہ رقم کی ادائیگی جو کہ اس ایکٹ تحت ہو، ایسے وقت اور ایسے طریقہ سے کریگا جو کہ ہدایت شدہ ہو۔

ت۔ ثانوی سٹنڈرڈ، ورکنگ سٹنڈرڈ، مہر اور تصدیق کے آلات کے تحفظ اور عہدہ چھوڑنے پر ان کی منتقلی کا۔

21۔ 1۔ انسپکٹر کریگا۔

ا۔ ناپ تول اور ناپ تول کے آلات کی تصدیق کے مقصد کے خاطر ایسی جگہ اور وقت پر ایسی جگہ جائیگا جو کنٹرولر متعین کرے۔

انسپکٹر کی طرف سے تصدیق اور مہر ثبت کرنا

ب۔ ناپ تول اور ناپ تول کے آلات کی تصدیق کرے گا جو تصدیق کے مقصد کیلئے لایا جائے۔

پ۔ ناپ تول اور ناپ تول کے آلات جو تصدیق کے مطابق اس کو معلوم ہو جائے کہ اس ایکٹ اور رولز کے مطابق ہے پر مہر ثبت کریگا۔

2۔ انسپکٹر کر سکتا ہے۔

ا۔ ناپ تول یا ناپ تول کے آلات کو مناسب وقت پر ملاحظہ کرسکتا ہے جو کہ تجارت اور کامرس کے مقصد کیلئے استعمال ہو یا کسی شخص کے قبضہ میں ہو یا کسی جگہ پر ہو استعمال کیلئے اور ناپ تول اور ناپ تول کے آلات کو ثانوی سٹنڈرڈ، ورکنگ سٹنڈرڈ یا ناپ تول کے آلات کے ساتھ مقررہ طریقہ سے تصدیق کرسکتا ہے۔

ب۔ پاکستان کے سروس یا مقامی اتھارٹی کے سروس میں کسی بھی شخص کے مدد کے بغیر کسی بھی مناسب وقت پر جو اس کے خیال میں صحیح ہو کسی بھی جگہ داخل ہوسکتا ہے جہاں پر ناپ تول یا ناپ تول کے آلات تجارت کے معملات کیلئے رکھے جاتے ہو یا استعمال ہوتے ہو اور ایسے ناپ تول اور ناپ تول کے آلات کا ملاحظہ کرسکتا ہے۔

پ۔ استعمال شدہ ناپ تول کی صحت کی تصدیق کیلئے لین دین کے دوران فروخت یا دئے گئے اجزاء کی تصدیق کرسکتا ہے۔

ت۔ کسی بھی تاجر اس کے ملازم یا ایجنٹ کو ناپ تول یا ناپ تول کے آلات جو کہ اس قبضہ یا استعمال میں ہے یا ایسی جگہ پر رکھے گئے ہے جو تاجر، ملازم یا ایجنٹ تجارت کیلئے استعمال کر رہا ہے۔ متعلقہ دستاویزات اور ریکارڈ ملاحظہ کیلئے طلب کرسکتا ہے۔

ٹ۔ کسی بھی ناپ تول یا ناپ تول کے آلات جس کے بارے میں اس ایکٹ کے تحت کوئی جرم سرزد ہو چکا ہو یا جس کے بارے میں خدشہ ہو کہ جرم کے سرزد ہونے میں استعمال کرینگے کوضبط یا روک سکتا ہے۔اسی طرح فروخت یا دئے گئے اجزاء جوایسے ناپ تول یا ناپ تول کے آلات کے ذریعے فروخت یا دئے گئے ہواور تمام دستاویزات اور ریکارڈ کوضبط اور روک سکتا ہے۔

ث۔ اگراس کومناسب یقین ہو کہ کسی پیکج یا کنٹینر میں مقررہ ناپ تول جواس میں ہونا چاہئے نہیں ہے تو وہ اس پیکج یا کنٹینر کوتوڑ سکتا ہے اور اجزاء کی تصدیق کرسکتا ہے اور اگر تصدیق کے بعد ناپ تول صحیح نکلے تو انسپکٹر اگر ممکن ہو کہ اشیاء کونقصان نہ پہنچے۔پیکج یا کنٹینر کو دوبارہ بند کریگا اور اس پر اجزاء کے صحیح ناپ تول کا توثیق نامہ چسپاں کریگا اور اگر بعد از تصدیق اجزاء کی ناپ تول صحیح نہ تو انسپکٹر پیکج یا کنٹینر اور اس کے اندر موجود اجزاء کو ضبط یا روک سکتا ہے۔

22۔ اگر حکومت کے خیال میں کسی علاقہ کے ناپ تول یا ناپ تول کے آلات کوترتیب دینا ضروری ہو تو علاقہ کے انسپکٹر کوناپ تول یا ناپ تول کے آلات کوہم آہنگ بنانے کا اختیار دے سکتی ہے۔ (انسپکٹر کے ناپ تول کے ایڈجسٹ کرنے کے اختیارات)

23۔ اگر کوئی ناپ تول یا ناپ تول کے آلات انسپکٹر نے مہر ثبت کئے تو جہاں پر ایکٹ لاگو ہوگا اس علاقہ میں ان کی قانونی حیثیت ہوگی اور دوبارہ مہر ثبت اس وجہ سے نہیں ہوگی کہ ان کا استعمال دوسرے علاقہ میں ہو رہا ہے اور وہاں نہیں جہاں کیلئے بنیادی طور پر بنائے گئے تھے۔ (باقاعدہ مہر شدہ ناپ تول کی صحت)

24۔ 1۔ اگر انسپکٹر یا کسی شخص کے درمیان ناپ تول یا ناپ تول کے آلات کے تصدیق کے طریقے ،ترتیب ،مہر ثبت یا اس ایکٹ یا اس کے نیچے رولز کے تحت کسی دوسرے مسئلے پر تنازعہ ہو تو انسپکٹر اس شخص کی درخواست پر یا بذات خود کنٹرولر کوتنازعہ سپرد کریگا۔کنٹرولر کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ (اپیلز)

2۔ اپیل ہوسکتا ہے۔

ا۔ انسپکٹر، اسسٹنٹ کنڑولر، ڈپٹی کنڑولر کے فیصلہ کے خلاف کنٹرولر کو۔

ب۔ ذیلی دفعہ 1 کے تحت اپیل میں فیصلہ کے علاوہ، کنڑولر کے فیصلہ کے خلاف ڈائریکٹر کو یا کوئی بھی آفیسر جس کو ڈائریکٹر نے اختیار دیا ہو۔

3۔ اس دفعہ کے تحت فیصلہ سے 7 دن کے اندر اپیل داخل کرانا ہوگا۔

4۔ اپیل وصول کرنے کے بعد اپیلٹ اتھارٹی، سننے کی موقع اور مناسب جانچ پڑتال کے بعد مناسب آرڈر کرسکتی ہے جو کہ حتمی ہوگا۔

25۔ کوئی بھی شخص جو دفعہ 24 کے تحت ڈائریکٹر کے آڑڈر کے علاوہ کسی بھی آرڈر سے متاثر ہو، ایسے آرڈر کے نظر ثانی کیلئے درخواست دے سکتا ہے ایسے شخص یا اتھارٹی کو ایسی مدت میں جو ہدایت شدہ ہو ایسے شخص یا اتھارٹی کا ارڈر حتمی ہوگا۔ (متاثرہ شخص کو سننے بغیر اس دفعہ کے تحت آرڈر نہیں ہو سکے گا) نظر ثانی

## باب نمبر 4

## سزائیں

26۔ 1 جو کوئی بھی اس دفعہ کے لاگو ہونے کے تین دن کے اختتام تک، فروخت کرتا ہے یا فروخت عمل میں لاتا ہے، سپرد کرتا ہے یا سپرد عمل میں لاتا ہے۔ کسی تجارت کے لین دین کے دوران، ناپ تول کا کوئی بھی جز کسی بھی نام کیساتھ، بغیر سٹنڈرڈ ناپ تول کے پہلی جرم کے سزا کے طور پر بیس ہزار روپے تک جرمانہ ہوگا اور بعدازاں جرم کی صورت میں تین ماہ تک کسی بھی قسم کا قید یا جرمانہ یا دونوں ہو سکے گا، معیاری ناپ تول کے علاوہ دوسرے ناپ تول کی فروخت اور حوالگی کی سزا

2۔ جو کوئی بھی دفعہ 7 کی خلاف ورزی کریگا وہ بیس ہزار روپے تک لائق جرمانہ ہوگا۔

**بغیر مہر کے کمرشل ناپ تول کی فروخت کی سزا**

27۔ جو کوئی بھی فروخت کرتا ہے یا دیتا ہے یا فروخت یا دینے کا عمل کرتا ہے۔ کسی بھی کمرشل ناپ تول یا ناپ تول کے آلات بغیر تصدیق یا مہر ثبت کے اس ایکٹ یا رولز کے تحت وہ بیس ہزار جرمانہ تک لائق سزا ہوگا۔

**بغیر مہر کے کمرشل ناپ تول کی استعمال کی سزا**

28۔ جو کوئی کمرشل ناپ تول یا ناپ تول کے آلت جو کہ اس ایکٹ یا اس کے نیچے رولز کے مطابق تصدیق یا دوبارہ تصدیق شدہ یا مہر ثبت نہ کئے گئے ہو استعمال کرے گا یا اپنے قبضہ میں استعمال کیئے رکھے گا۔ پہلی جرم کے سزا کے طور پر بیس ہزار روپے تک جرمانہ ہوگا اور بعدازاں جرم کی صورت میں تین ماہ کی کسی بھی قید یا جرمانہ یا دونوں ہو سکے گا۔

وضاحت 1

جب کوئی ایسے ناپ تول یا ناپ تول کے آلات کسی تاجر یا اس کے ملازم کے قبضہ میں پائے جائیں ایسا تاجر ملازم یا ایجنٹ ایسا تصور ہوگا کہ تجارت یا کام اس کے لین دین کیلئے ان کے قبضہ میں تھیں جب تک اس کے برخلاف ثابت نہ ہو۔

وضاحت 2

جہاں تاجر کیلئے، تاجر کا ملازم یا ایجنٹ اس دفعہ میں مذکور ناپ تول یا ناپ تول کے آلات استعمال کرتا ہے یا اس استعمال کیلئے قبضہ میں رکھتا ہے۔ ایسا تاجر جب تک وہ یہ ثابت نہ کریں کہ جرم اسکے علم اور رضامندی کے بغیر ہوا۔ جرم کا ذمہ دار ہوگا۔

**دفعہ 8 کے خلاف ناپ تول کی استعمال کی سزا**

29۔ جو کوئی مجریہ نوٹفیکشن زیر دفعہ 8 کیخلاف ورزی کریگا وہ بیس ہزار روپے تک جرمانہ کا لائق ہوگا۔

**بغیر لائسنس کے ناپ تول بنانے اور مرمت کی سزا**

30۔ جہاں کوئی شخص دفعہ 15 کے تحت لائسنس کے بغیر کمرشل ناپ تول یا ناپ تول کے آلات بناتا ہے مرمت کرتا ہے یا فروخت کرتا ہے۔ اس کو تین ماہ تک کسی بھی قسم کی قید یا بیس ہزار روپے تک جرمانہ یا دونوں کی سزا دی جائیگی۔

**بند کنٹینر میں ناپ تول پر نشان زنی میں ناکامی کی سزا**

31۔ جو کوئی بھی دفعہ 13 کی خلاف ورزی کریگا اس کو بیس ہزار روپے تک جرمانہ کی سزا دی جائیگی۔

ناپ تول کودھوکہ دہی کیلئے استعمال کرنے کی سزا

32۔ جوکوئی دھوکہ دہی سے کوئی بھی ناپ تول یا ناپ تول کے آلات استعمال کرتا ہے جو کہ وہ جانتا ہے کہ غلط ہے اس کوایک سال تک کسی بھی قسم کی قید یا جرمانہ یا دونوں کی سزا دی جائیگی۔

باطل ناپ تول کو قبضہ میں رکھنے کی سزا

33۔ جس کسی کے قبضہ میں ناپ تول یا ناپ تول کے آلات ہو جو کہ وہ جانتا ہے کہ نقلی ہے اور اس کاارادہ یہ ہو کہ وہ دھوکہ دہی سے استعمال ہو سکے اس کوایک سال تک کسی بھی قسم کی قید یا جرمانہ یا دونوں کی سزا دی جائیگی۔

کم ناپ تول دینے کی سزا

34۔ جوبھی کوئی چیز ناپ تول کے ذریعے فروخت کرے اور خریدی گئی چیز سے کم خریدنے والے کو سپرد کرے یا سپرد کرنے کا عمل کرے۔اگر کمی مقررہ حد کی غلطی سے زیادہ ہو اس کوایک سال تک کسی بھی قسم کی قید یا بیس ہزارروپے تک جرمانہ کیساتھ یا دونوں کی دی جائیگی۔

جعلی ناپ تول وغیرہ کی سزا

35۔ 1۔ جوکوئی نقلی یا جعلی مہر، سٹنڈرڈ، ناپ تول یا ناپ تول کے آلات پر مہر ثبت کیلئے استعمال کرتا ہے یا اپنے قبضہ میں ایسا کوئی جعلی مہر رکھتا ہے یا سٹنڈرڈ ناپ تول یا ناپ تول کے آلات سے مہر ہٹاتا ہے اور ایسا مہر کسی اور ناپ تول یا ناپ تول کے آلات پر لگاتا ہے یا جان بوجھ کر مہر ثبت کئے ہوئے۔ناپ تول کو بڑھاتا ہے یا کم کرتا ہے۔اسکی سزا ایک سال تک کسی بھی قسم کی قید یا جرمانہ یا دونوں ہوسکتی ہے۔

2۔ جوکوئی عمداً استعمال یا فروخت کیلئے پیش کرتا ہے یا نمٹاتا ہے کوئی ناپ تول یا ناپ تول کے آلات جس پر جعلی یا نقلی مہر ہو یا ناپ تول میں کمی بیشی ہو اسکو چھ ماہ تک کسی بھی قسم کی قید یا جرمانہ یا دونوں کی سزا دی جائیگی۔

ملاحظہ کیلئے ناپ تول پیش نہ کرنے کی انکار یا غفلت کی سزا

36۔ جوکوئی بھی-----

ا۔ کسی بھی ناپ تول یا ناپ تول کے آلات یا کوئی دستاویز یا متعلقہ ریکارڈ جو کہ اس کے قبضہ یا علاقہ میں ہو دفعہ 21 کے تحت ملاحظہ کیلئے پیش

کرنے سے انکار کرے یا نظر انداز کرے یا انسپکٹر کو فرائض منصبی ادا
کرنے میں رکاوٹ ڈالے یا منع کرے یا

ب۔ حساب کتاب یا ریکارڈ کو برقرار رکھنے میں نا کام ہو یا دفعہ 17 کے تحت انسپکٹر کے سامنے ایسا ریکارڈ پیش کرنے میں نا کام ہو اس کو چھ ماہ تک قید سخت یا پچاس ہزار روپے تک جرمانہ یا دونوں کی سزا دی جائیگی۔

باطل ناپ تول بنانے یا فروخت کی سزا

37۔ جو کوئی ناپ تول یا ناپ تول کے آلات بناتا ہے، فروخت کرتا ہے یا نمٹاتا ہے یا بنانے، نمٹانے یا فروخت کرنے کا عمل کرتا ہے جو وہ جانتا اور اس کو یقین ہے کہ غلط ہے اور صحیح کی طرح استعمال ہونگے اس کو ایک سال تک کسی بھی قسم کی قید یا جرمانہ یا دونوں دی جائیگی۔

ادائیگی فرض نہ کرنے کی سزا

38۔ جہاں کوئی آفیسر جس کی تقرر اس ایکٹ کے تحت ہوئی ہو دیدہ دانستہ اس ایکٹ یا اس کے تحت رولز کے خلاف عمل کرتا ہے اسکو ایک سال تک کسی بھی قسم کی قید یا جرمانہ یا دونوں کی سزا دی جائیگی۔

کمپنیز یا کارپوریشن کے جرائم

39۔ اگر اس ایکٹ یا اس کے نیچے بنے رولز کے تحت کوئی جرم سرزد ہو اور جرم کرنے والا کمپنی یا کارپوریٹ باڈی ہو۔ ہر ایک ڈائریکٹر، مینجر، سکرٹری یا دوسرا آفیسر آفیسر جب تک یہ ثابت نہ ہو کہ جرم کا اسکو علم نہیں تھا یا اس نے جب تک با قاعدہ احتیاط سے جرم کو سرزد ہونے سے روکا، ایسے جرم کا مجرم ہوگا۔

قرق

40۔ جن ناپ تول یا ناپ تول کے آلات کے بارے میں اس ایکٹ یا اس کے نیچے رولز کے تحت کوئی جرم سرزد ہوا ہو وہ حکومت کو ضبط ہونگے۔

تول وغیرہ پر ایسے مہر لگانا کہ صحیح لگانا تا کہ صحیح تصور کیا جائے

41۔ اگر کوئی انسپکٹر یا کوئی شخص جو کہ کنٹرولر کے خاص یا عام اتھارٹی کے تحت عدالت میں ناپ تول یا ناپ تول کے آلات پیش کرتا ہے جو کہ اس ایکٹ یا رولز کے تحت مہر ثبت کئے گئے ہو ایسے ناپ تول یا ناپ تول کے آلات کو جب تک اس کے برخلاف ثابت نہیں ہو صحیح تصور کیا جائیگا، بار ثبوت اس پر ہوگا جو اسکی درستگی کو چیلنج کریگا۔

**اختیارات کی منتقلی**

42۔ حکومت بذریعہ نوٹیفیکشن ہدایت کرسکتی ہے کہ کوئی اختیار جو کہ اس ایکٹ کے تحت قابل عمل درآمد ہے ایسے مسائیل کے متعلق ایسے شرائط کے تابع جو کہ واضح ہو کسی بھی ماتحت آفیسر کے ذریعے قابل عمل درآمد ہوگا۔

**ذیلی دفعہ 2 دفعہ 22 آف ایکٹ نمبر v آف 1967 کے تحت ناپ تول کے استعمال کیلئے خاص پرویژن**

43۔ جہاں وفاقی حکوم ناپ تول (انٹرنیشنل سسٹم) 1967 کے دفعہ 22 ذیلی دفعہ 2 کے تحت، نوٹیفکیشن کے ذریعے ناپ تول کا استعمال ایسے علاقے میں یا ایسے اشیاء کے متعلق، اتنے عرصہ کیلئے، جو کہ نوٹیفکیشن میں درج ہو، اجازت دیتی ہیں تو اس ایکٹ کے پرویژن اس علاقے یا اشیاء کے متعلق لاگو نہیں ہونگے۔ باوجود دفعہ 47 کے اس ایکٹ کے لاگو ہونے سے قبل جو قانون جن علاقوں یا اشیاء کے بارے میں لاگو تھا وہ ان علاقوں اور اشیاء کے بارے میں قابل اثر ہوگا۔

**نیک نیتی سے کام کا تحفظ**

44۔ کسی بھی شخص کے خلاف اس کے نیک نیتی سے کئے گئے عمل کے متعلق کوئی مقدمہ، استغاثہ یا قانونی کارروائی نہیں ہوسکتی۔

**سماعت جرائیم**

45۔ مجسٹریٹ درجہ اورل سے کم کوئی بھی عدالت کنٹرولر یا اس کے نامزد کردہ آفیسر کے تحریری استغاثہ کے بغیر اس ایکٹ کے تحت جرائم کی سماعت نہیں کرسکتی۔

**دوسرے قوانین کا مسترد کرنا**

45A۔ اس ایکٹ کے پرویژن کا زیر اثر ہوگا اور باوجود اس کے کہ اس کے برخلاف کسی لاگو قانون میں کوئی چیز موجود ہو۔

**رولز بنانے کا اختیار**

46۔ 1۔ حکومت اس ایکٹ کے مقصد کو آگے بڑھانے کیلئے روزل بنا سکتی ہے۔

2۔ اس دفعہ کے تحت رولز بنانے کا اختیار گزشتہ افیشل گزٹ کے پبلیکشن کے تحت ہوگا۔

3۔ ایسے رولز یہ مہیا کرینگے کہ خلاف ورزی کی صورت میں بیس ہزار روپے تک جرمانہ ہوگا

**منسوخی**

47۔1، ویسٹ پاکستان ناپ تول آرڈیننس wp. Ord No xxxiii of 1965 اور خیبر پختون خواہ ناپ تول انفورسمنٹ آرڈیننس 1976 (خیبر پختون خواہ) آرڈیننس نمبر 111 آف 1976 اس ایکٹ کے ساتھ منسوخ ہوگئے،

2۔ منسوخ کئے گئے آرڈیننس کے تحت کوئی بھی عمل ہو چکا ہو (جو کہ مشتمل ہو کسی تقرر پر، رولز یا آرڈر، نوٹیفکیشن یا کوئی لائسنس جاری کیا گیا ہو یا

اپیل ہو چکا ہو) ایسا تصور ہوگا کہ اس ایکٹ کے تحت یا اس وقت یہ ایکٹ لاگو تھا
جب وہ کام ہو رہے تھے۔